# AHN بلوں کے ساتھ مالی تعاون

الیگھنی ہیلتھ نیٹ ورک (AHN) مریضوں کو طبی طور پر ضروری خدمات فراہم کرنے کا وعدہ کرتا ہے اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے کہ وہ کتنی ادائیگی کرسکتے ہیں۔ اپنے وعدہ کو پورا کرنے کے لیے، ہم اپنی فراہم کردہ خدمات کے لیے ان کی مالیاتی ذمہ داریوں کی تکمیل میں مدد کے واسطے مریضوں کے ساتھ کام کرتےہیں۔

### *اپنے AHN بلوں کی ادائیگی کے لیے مالی تعاون کا کون اہل ہوسکتا ہے؟*

**الیگھنی ہیلتھ نیٹ ورک اپنے AHN بلوں کے لیے درج ذیل مریضوں کو مالی تعاون مالی تعاون فراہم کر سکتا ہے:**

- جس کے پاس کوئی طبی بیمہ نہیں ہے یا محدود بیمہ ہے
- جو میڈیکیئر یا میڈیکیڈ کے لئے اہل نہیں ہیں
- جو ریاستہائے متحدہ کے شہری ہیں یا ریاستہائے متحدہ امریکہ کا مستقل قانونی رہائشی ہے
- جو AHN کے بنیادی خدمت کے علاقہ میں رہتے ہوں
- جس کے پاس مالیاتی ضرورت کی دستاویز ہو

### *مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ آیا میں مالی تعاون کا اہل ہوں؟*

ہر مریض کو AHN بلوں کے ساتھ مالی تعاون کی درخواست دینی چاہئے۔ درخواست دینے کے لیے:

- درج ذیل ویب سائٹ، https://www.ahn.org/ financial-assistance-ahn-bills سے الگھینی ہیلتھ نیٹ ورکس کے مالی تعاون کی درخواست (فارم اور ہدایات) ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کریں۔
- فارم کو مکمل کریں اور اسے آمدنی کی مطلوبہ ثبوت کے ساتھ جمع کریں۔
- اگر آپ فارم کو ڈاؤن لوڈ یا پرنٹ نہیں کرسکتے ہیں، اپنی درخواست کو بھرنے میں مدد کی ضرورت ہے، یا درج ذیل ہسپتالوں کے لیے مالی تعاون کے طریق کار میں مدد کی ضرورت ہے، تو الیگھنی جنرل ہاسپٹل، الیگھنی ویلی ہاسپٹل، کینئنس برگ ہاسپٹل، فوربس ہاسپٹل، جیفرسن ہاسپٹل، سینٹ ونسینٹ ہاسپٹل، ویسٹ فیلڈ میموریل ہاسپٹل یا ویسٹ پین ہاسپٹل، تو مہربانی کرکے AHN کسٹمر کیئر سنٹر کو 1-844 -801-8400 پر کال کریں یا AHN ہسپتال کے داخلہ سے متعلق اس آفس میں جائیں جہاں آپ نے خدمات موصول کی ہیں۔
- الیگھنی ہیلتھ نیٹ ورک کی مالی تعاون کی پالیسی اور درخواست کی مفت کاپی کے لیے درج ذیل پتہ پر درخواست بھیجیں:

Customer Care Center 4
Allegheny Center, 4th Floor
Pittsburgh, Pa 15205

AHN ہر ایک مالی تعاون کی درخواست کا فوری جائزہ لیتا ہے۔ معلومات ضروری ہونے پر AHN مریض کو ایک خط بھیجے گا۔ AHN کو 30 دنوں کے اندر اضافی معلومات موصول ہوجانی چاہئے، ورنہ درخواست مسترد کردی جائے گی۔

الگھینی ہیلتھ نیٹ ورک مریض یا مریض کے ضمانت دار، یا نمائندہ کو فیصلہ کے بارے میں، تحریری طور پر مطلع کرے گا۔

## الیگھنی ہیلتھ نیٹ ورک کی مالی تعاون کی پالیسی

الیگھنی ہیلتھ نیٹ ورک (AHN) کے ہسپتال اور معالجین ہمارے مریضوں اور ہم جن معاشروں کی خدمت انجام دیتے ہیں ان کی صحت کو بہتر کرنے کے لیے عہد بستہ ہیں۔ ہماری پالیسی، بغیر کسی امتیاز کے، سبھی مریضوں کو طبی نگہداشت کی پیشکش کرنے کی ہے، جن میں ایسے افراد شامل ہیں جنھیں محدود آمدنی کی وجہ سے سروسز کی ادائیگی میں مشکل پیش آسکتی ہے۔ AHN مالی تعاون کے لیے اہل افراد کو ایمرجنسی یا دیگر طبی طور پر ضروری نگہداشت فراہم کرنے کے لیے چارج کردہ رقم کو محدود کرتا ہے۔ ان افراد سے بیمہ کے ذریعہ احاطہ شدہ افراد کو عام طور پر بھیجے جانے والے بل کی رقم (AGB) سے زیادہ چارج نہیں کیا جائے گا۔ کمیونٹی کی ضروریات کو حل کرنے کے لیے، AHN مالی تعاون کے پروگرام کی پیشکش کرتا ہے۔

AHN کے مالی تعاون کے پروگرام کی مکمل وضاحت الیگھنی ہیلتھ نیٹ ورک کی مالی تعاون اور وصولی کی پالیسی میں کی گئی ہے جو 1 جنوری 2018 سے مؤثر ہے۔ یہ پالیسی AHN فراہم کنندگان اور کنٹرول کردہ ملحقین پر لاگو ہوتی ہے، جس میں بحال کردہ معالجین بھی شامل ہیں۔ پالیسی کا خلاصہ یہ ہے، جو یہ بیان کرتی ہے کہ:

- آمدنی کے رہنما خطوط کی بنیاد پر، AHN سے مالی تعاون کے لیے، کون اہل ہے
- پالیسی کے تحت AHN کی کون سی خدمات شامل ہیں اور کون سی شامل نہیں ہیں
- AHN کی مالی تعاون کے لیے مریض کیسے درخواست دیتے ہیں

### *مالی تعاون کے لیے کون اہل ہے؟*

AHN کی پالیسی درج ذیل مریضوں کو مالی اعانت فراہم کرنے کی ہے:

- جن کے پاس کوئی طبی بیمہ نہیں ہے یا محدود بیمہ ہے
- جو میڈیکیئر یا میڈیکیڈ کے لئے اہل نہیں ہیں
- جو ریاستہائے متحدہ کے شہری ہیں یا ریاستہائے متحدہ امریکہ کا مستقل قانونی رہائشی ہے
- جو AHN کے بنیادی خدمت کے علاقہ میں رہتے ہوں
- جس کے پاس مالیاتی ضرورت کی دستاویز ہو

## مالی تعاون کے لیے آمدنی کے رہنما خطوط کیا ہیں؟

مالی تعاون کے لیے آمدنی کے رہنماخطوط تازہ ترین غربت کے وفاقی رہنما خطوط کے 100%اور 200% کے بیچ ہے۔ پیچھے موجود ٹیبل 2018 غربت کے وفاقی رہنما خطوط کے اہل آمدنی کے دائرہ کو دکھاتا ہے۔

## 48 متصل ریاستیں اور ڈسٹرکٹ آف کولمبیا کے لیے 2018 غربت کے وفاقی رہنما خطوط

| | | آمدنی کا دائرہ |
|---|---|---|
| گھرانہ سائز | 100% | 200% |
| 1 | $12,140.00 | $24,280.00 |
| 2 | $16,460.00 | $32,920.00 |
| 3 | $20,780.00 | $41,560.00 |
| 4 | $25,100.00 | $50,200.00 |
| 5 | $29,420.00 | $58,840.00 |
| 6 | $33,740.00 | $67,480.00 |
| 7 | $38,060.00 | $76,120.00 |
| 8 | $42,380.00 | $84,760.00 |

**موجودہ غربت کے رہنما خطوط سے دوگنا پر مبنی۔ 8 سے زیادہ افراد والے خاندان/ گھرانے کے لیے، ہر اضافی فرد کے لیے $4,320 شامل کریں۔*

ویسٹ فیلڈ میموریل ہاسپٹل کے لیے، اہلیت کی آمدنی کا دائرہ غربت کے وفاقی رہنما خطوط کے 300% تک پہنچ گیا ہے۔ ٹیبل کے مکمل دائروں کے لیے مہربانی کرکے مالی تعاون کی پالیسی کا ضمیمہ E ملاحظہ کریں۔

## مالی تعاون کے لیے کون سی خدمات اہل ہیں؟

درج ذیل خدمات کے واسطے اہل مریضوں کے لیے مالی تعاون دستیاب ہے:

- ایمرجنسی طبی خدمات
- فوری طور پر جان لیوا امراض کے لئے طبی طور پر ضروری (اختیاری نہیں) خدمات جو ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ سے باہر فراہم کی گئی ہو
- معاملہ در معاملہ کی بنیاد پر تعین کردہ دیگر طبی طور پر ضروری خدمات

درج ذیل خدمات کے لیے AHN کی جانب سے مالی تعاون دستیاب نہیں ہے:

- میڈیکیئر کے ذریعہ خدمات کو 'غیراحاطہ شدہ' خیال کیا گیا ہو
- ایسی خدمات جسے طبی طور پر ضروری خیال نہ کیا گیا ہو، جس میں درج ذیل شامل ہیں لیکن انہیں تک محدود نہیں ہے:
  - کاسمیٹک سروسز
  - تولید سے متعلق اختیاری خدمات، جیسے باروری یا رحم براری / رحم براری کا الٹ
  - ٹرانسپلانٹ سرجری اور متعلقہ خدمات
  - باریاٹرک (وزن میں گھٹانا) سرجری اور متعلقہ خدمات
  - تکمیلی/ متبادل معالجہ کی خدمات جیسے ایکیوپنکچر
  - آنکھ کا معمول کا معائنہ
  - کانٹیکٹ لینسز، سماعتی آلات، کوچلیئر امپلانٹس
  - اندرونی دماغ کو تحریک
  - LDL کو نکالنے کا عمل
  - غیر-AHN پروگراموں یا گرانٹس کے ذریعہ احاطہ کردہ سروسز جیسے HIV/AIDS کی نگداشت کے لیے ریان وہائٹ پروگرام

## میں AHN بلوں کی مالی تعاون کےلیے کیسے درخواست دے سکتا ہوں؟

AHN بلوں کے ساتھ مالی تعاون کی درخواست دینے کے لیے، مریض یا نمائندہ کو لازمی طور پر الگھینی ہیلتھ نیٹ ورکس کے مالی تعاون کی درخواست مکمل کرنا اور آمدنی کے درکار ثبوتوں کے ساتھ جمع کرنا چاہئے۔ AHN کو مریض کے AHN سے خدمات حاصل کرنے کی تاریخ سے 240 دنوں کے اندر درخواست اور آمدنی کا ثبوت موصول ہوجانا چاہئے۔

ویب سائٹ پر فراہم کردہ، -https://www.ahn.org/financial- assistance-ahn
bills، مالی تعاون کی پالیسی، آسان زبان میں خلاصہ اور درخواست کو درج ذیل زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے:

| | | |
|---|---|---|
| جرمن | • کوریائی | • فرانسیسی |
| اطالوی | • میتھلی | • ترکی |
| پولش | • اردو | • فلیپینو |
| روسی | • ازبیک | • فارسی |
| یوکرینیائی | • ویتنامی | • ہندی |
| چینی | • اسپینی | |
| جاپانی | • پرتگالی | |

## AHN پیشنٹ فائنانشیل سروسز

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، اپنی درخواست کو بھرنے میں مدد کی ضرورت ہے، کاغذی کاپی کی ضرورت ہے، یا اپنے الگھینی ہیلتھ نیٹ ورک بل یا ہمارے مالی تعاون کے پروگرام کے بارے میں مزید معلومات چاہتے ہیں، تو مہربانی کرکے نیچے کے ٹیلیفون نمبر پر کال کریں یا ہاسپٹل کے رجسٹریشن کے علاقہ میں تشریف لے جائیں جہاں آپ نے خدمات موصول کی تھی:

### الیگھنی جنرل ہاسپٹل

کسٹمر کیئر سنٹر: 8400-801-844-1 مالیاتی صلاح کاران (کونسلرز): 412-359-4067,412-359-6474,412-359-8076,412-359-5767

مالیاتی صلاح کار کا مقام: آؤٹ پیشنٹ رجسٹریشن پہلی منزل Snyder Pavilion یا Sandusky رجسٹریشن کا علاقہ پہلی منزل

ویب سائٹ:
https://www.ahn.org/financial-assistance-ahn-bills

### الیگھنی ویلی ہاسپٹل

کسٹمر سروس: 1-800-547-0540

مالیاتی صلاح کاران: 724-226-7478, 724-226-7283

مالیاتی صلاح کار کا مقام: داخلہ کا علاقہ نچلی منزل یا Ambulatory Surgical کا انتظار گاہ

ویب سائٹ:

https://www.ahn.org/financial-assistance-ahn-bills فزیشین بلنگ: -1

844-801-8400

### کیننس برگ ہاسپٹل

کسٹمر سروس: 1-800-547-0540 مالیاتی صلاح کار: 724-873-5948 مالیاتی

صلاح کار کا مقام: پہلی منزل فزیشین بلنگ: 1-844-801-8400 Website: https://www.ahn.org/financial-assistance-ahn-bills

### فوربس ہاسپٹل

کسٹمر کیئر سنٹر: 8400-801-844- 1 مالیاتی صلاح کار: -412-858-2325,412

858-2521 مالی صلاح کار کا مقام: پہلی منزل ویب سائٹ: https://www.ahn.org/financial-assistance-ahn-bills

### جیفرسن ہاسپٹل

کسٹمر سروس: 1-844-801-8400 مالی صلاح کار: 412-469-5366 مالیاتی

صلاح کار کا مقام: مرکزی آفس، پہلی منزل ویب سائٹ:
https://www.ahn.org/financial-assistance-ahn-bills

### سینٹ ونسینٹ ہاسپٹل

کسٹمر کیئر سنٹر: 8400-801-844- 1 مالیاتی صلاح کار:

814-452-7715,814-452-5338,814-452-5020 مالی صلاح کار کا مقام:

داخلہ سے متعلق آفس، پہلی منزل ویب سائٹ:
https://www.ahn.org/financial-assistance-ahn-bills

### ویسٹ پین ہاسپٹل

کسٹمر کیئر سنٹر: 8400-801-844- 1 مالیاتی صلاح کار: -412-578-5031,412

578-5032

مالیاتی صلاح کار کا مقام: داخلہ سے متعلق آفس پہلی منزل نارتھ ٹاور

ویب سائٹ:
https://www.ahn.org/financial-assistance-ahn-bills

### ویسٹ فیلڈ میموریل ہاسپٹل

کسٹمر کیئر سنٹر: 8400-801-844- 1

مالیاتی صلاح کار: 814-452-5338

رجسٹریشن کا مقام: داخلہ سے متعلق آفس سینٹ ونسنٹ میں پہلی منزیل

ویب سائٹ: https://www.ahn.org/financial-assistance-ahn- billsAHN Patient Financial Services

HC400378 • 5/18 • مساوی موقع والا آجر • جملہ حقوق محفوظ • 2018 AHN®